web:www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

ایڈیٹر انچیف : شفقت ضیاء

روزنامہ

پرل ویو

راولاکوٹ

Email:dailypearlview@gmail.com

جلد 10	ہفتہ 03 اگست 2024ء، 27 محرم الحرام 1446ھ، 20 ساون 2081 ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ 156

جامعہ پونچھ ایچ ای سی کی جدید ڈیجیٹل لائبریری سے منسلک، طلبہ کا خیر مقدم

جدت اور علمی فضیلت کی جانب اہم قدم، جامعہ کو انفارمیشن کی ہائی وے سے ملا دیا، نئے دور کا آغاز ہے، ڈاکٹر زکریا ذاکر

ٹیکنالوجی نے وقت اور فاصلے کی رکاوٹوں کو ختم کر دیا، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف اور دیگر کا اظہار خیال، ڈاکٹر عدنان رفیق کی بریفنگ

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی لائبریری کو ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کے ڈیجیٹل لائبریری پروگرام سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ایمریٹس ڈاکٹر ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے ایک خصوصی تقریب میں ڈیجیٹل لائبریری کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبد الرؤف خان، مختلف فیکلٹیز کے ڈینز، صدور شعبہ جات سمیت فیکلٹی ممبران اور دیگر انتظامی افسران بھی موجود تھے۔ (بقیہ 55 صفحہ 03)

راولاکوٹ: وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر، ڈاکٹر عدنان رفیق، خورشید قاسم اور دیگر جامعہ میں ایچ ای سی ڈیجیٹل لائبریری پروگرام کے افتتاح کے موقع پر اظہار خیال کر رہے ہیں

موقع پر چیئرمین شعبہ کمپیوٹر سائنسز ڈاکٹر عدنان احمد رسکی اور چیف لائبریرین خورشید قاسم نے ڈیجیٹل لائبریری کے استعمال سمیت اہم امور پر بریفنگ دی۔ ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ پونچھ کو انفارمیشن کی ہائی وے کیساتھ ملا دیا ہے۔ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے دنیا میں وقت اور فاصلے کی رکاوٹوں کو دور کر کے انفارمیشن کے میدان میں مساوات قائم کر دی ہے۔ اب ساری دنیا میں ہونیوالی تحقیق اور علم آپ سے ایک کلک کے فاصلے پر ہے۔ انھوں نے فیکلٹی ممبران پر زور دیا کہ وہ اس سہولت سے بھرپور استفادہ کریں۔ آپ کی صلاحیتوں میں اضافے اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کیلئے آپ کو جدید سہولیات سے استفادہ کرنا ہوگا۔ ڈیجیٹل لائبریری پوری یونیورسٹی کمیونٹی کے لیے انفارمیشن کی سہولت کے ایک نئے دور کا آغاز ہے۔ اب ای کتابیں، جرائد، تحقیقی مقالے یہ سب ایک بٹن کے کلک پر دستیاب ہیں۔ ڈیجیٹل لائبریری صرف ڈیجیٹل تحریروں کا مجموعہ نہیں ہے۔ یہ ایک متحرک، انٹرایکٹو پلیٹ فارم ہے جو ہماری سیکھنے، تدریس اور تحقیقی سرگرمیوں میں اضافہ کرے گا۔ ڈیجیٹل لائبریری ٹیکنالوجی کو ہمارے تعلیمی ماحول میں ضم کر دے گی۔ ہم جدید ترین ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاری کرتے رہیں گے تاکہ طلباء اور فیکلٹی کو اپنی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے بہترین ٹولز تک رسائی ہو۔ آپ سب اس سہولت سے بھر پور فائدہ اٹھائیں۔ انھوں نے ڈیجیٹل لائبریری کے قیام کیلئے چیف لائبریرین خورشید قاسم کی کاوشوں کو سراہا۔